Roll No..

Total No. of Questions : **11**] [*Total No. of Printed Pages* : **7**

BEED–238

B.A. B.Ed. (IInd Year) Examination, 2023

URDU

Paper–I–CC–1

(Qadeem Nasr aur Urdu Adab ki Tareekh)

Time : 3 Hours] [*Maximum Marks : 80*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer all five questions. Each question has internal choice (Answer limit 200 words). Each question carries 6 marks. **(Marks : 6 × 5 = 30)**

(حصہ-ب)

سبھی5سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال داخلی انتخاب رکھتا ہے(جواب200الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے6نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any three questions out of five (Answer limit 500 words). Each question carries 10 marks. **(Marks : 10 × 3 = 30)**

(حصہ-ج)

5 میں سے کن ہی 3 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) غالبؔ کا پورا نام تحریر کیجئے۔

(ii) اردو کا کوئی ایک قدیم نام لکھئے۔

(iii) اردو زبان سے متعلق سید سلیمان ندوی کا نظریہ لکھئے۔

(iv) فورٹ ولیم کالج سے متعلق دو مصنّفین کے نام لکھئے۔

(v) دہلی سے وابستہ دو شاعروں کے نام لکھئے۔

(vi) دبستان لکھنؤ کی دو شاعرانہ خصوصیات تحریر کیجئے۔

(vii) ''آبِ حیات'' کے مصنف کا نام تحریر کیجئے۔

(viii) میر امن کا سن پیدائش لکھئے۔

(ix) سرسید احمد خاں کی تاریخ سے متعلق تصنیف کا نام لکھئے۔

(x) رجب علی بیگ کا تخلص تحریر کیجئے۔

SECTION–B

(حصہ–ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے۔ ہر دم کے کہنے سننے سے مزاج بہک

گیا۔شراب ، ناچ اور جوئے کا چرچا شروع ہوا۔ پھر تو یہ نوبت پہنچی ،

سوداگری بھول کر تماش بینی کا سودا ہوا۔ اپنے نوکر اور رفیقوں نے

جب یہ غفلت دیکھی تو جو جس کے ہاتھ پڑا الگ کیا ، گویا لوٹ مچا دی ۔

کچھ خبر نہ تھی کتنا روپیہ خرچ ہو رہا ہے ، کہاں سے آتا ہے اور کدھر جاتا

ہے؟ مالِ مفت دلِ بے رحم ۔

(یا)

میری پیدائش اور وطن بزرگوں کا ملک یمن ہے ۔ والد اس عاجز کا

خواجہ احمد نام بڑا سوداگر تھا۔ اس وقت میں کوئی مہاجن یا بیوپاری ان

کے برابر نہ تھا۔ اکثر شہروں میں کوٹھیاں اور گماشتے خرید و فروخت کے

واسطے مقرر تھے اور لاکھوں روپے نقد اور جنس ملک ملک کی گھر میں

موجود تھی۔ ان کے یہاں دو بچے پیدا ہوئے۔ ایک تو یہی فقیر جو کفنی

میلی پہنے ہوئے مرشدوں کی حضوری میں حاضر اور بولتا ہے۔

3 اردو زبان کی تشکیل پر اظہار خیال کیجئے۔

(یا)

میر امن کی نثری خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

4 شمالی ہند کی نثری تصانیف کا جائزہ لیجئے۔

(یا)

دبستان دہلی کے اہم شعراء کا جائزہ پیش کیجئے۔

5 داستان کے فن کا تجزیہ کیجئے۔

(یا)

سرسید کے طرز تحریر کا جائزہ پیش کیجئے۔

6 شبلی کی سوانح نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

(یا)

نذیر احمد کی ناول نگاری پر اظہار خیال کیجئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی تین (3) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔

سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

7 فورٹ ولیم کالج کی اردو وادبی خدمات کا جائزہ تفصیل سے پیش کیجئے۔

8 میرامن کی نثری خصوصیات کا جائزہ پیش کیجئے۔

9 خطوطِ غالبؔ کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالئے۔

10 اردو زبان کی ابتداء سے متعلق مختلف نظریات کی نشاندہی کیجئے۔

11 سرسید کی علمی وادبی خدمات کا جائزہ پیش کیجئے۔